ایس پی پکچرز کا پیش کردہ

جعلی نوٹ

اداکاران
دیو آنند ۔ مدھوبالا
اوم ۔ بپن گپتا

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے
جعلی نوٹ کے

گانا نمبر ا

لڑکا: ادھر دیکھ میرا دل تیرا دیوانہ ہے
یہ تو تیرا عاشق بڑا پرانا ہے

لڑکی: آ ہوش میں دیوانے بڑا زمانہ ہے
آنکھ کھول کر دیکھ سامنے تھانہ ہے
ہے ناز حسن پر تجھکو تو کیا مجھکو بہکانے
دل کی قیمت کیا ہو گی کوئی دل والا ہی جانے
اپنے پاس ہی رکھ جو تیرا خزانہ ہے
جب جھوم کے لوں انگڑائی پاگل ہو جائیں نظارے
کر دوں جو ایک اشارہ دھرتی پر اُتریں تارے

لڑکا: جو چاہے کر گوری تیرا زمانہ ہے
اس دنیا میں ہیں لاکھوں معشوق تمہارے جیسے
پر کہیں کہیں ملتے ہیں گوری عاشق ہم جیسے

لڑکی: ارے جا رے تیرا ٹھکانا پاگل خانہ ہے

گانا نمبر ۲ لڑکی: گستاخ نظر چہرے سے ہٹا
ہم کو نہ ستا ارے جا چلا جا

لڑکا: جاتی ہے کدھر دامن نہ چھڑا
یہ کرتی ہے کیا لاحول ولا

لڑکی:۔ بیدر دبھی ہوں منحوس بھی ہوں مت دیکھ ادھر
اور نیری: بنخ سے دور بھی ہوں او جادوگر
ارے جادوگر جادو نہ چلا آنکھیں نہ ملا
ناگن کی طرح بل کھاتی ہوئی بل کھا کے چلوں
بجلی کی طرح لہراتی ہوئی لہرا کے چلوں
میرے حسن سے ڈر آفت نہ مچا
دیوانہ ہے کیا ارے جا چلا جا
لڑکا:۔ او شوخ نظر مجھ سے نہ الجھ ہٹ چھوڑ مجھے
مجھے نازک پھول سمجھ مت توڑ مجھے
کانٹوں تنی نظر مجھ سے نہ ملا میرے دل میں نہ آ
گانا نمبر۳:۔ چھری بن کانٹا بن اور مائی سن
سب کچھ بن کسی کا چمچا نہیں بن
مسکہ پالش کے بن کھائے عزت کی دو روٹی
تیلوں سے اچھی ہے یہ کھدر کی لنگوٹی
اس دنیا کے پیچھے تو دیوانہ نہیں بن
وہ جائے تو بن ناگنے ہی دیدے پہاڑ کے چھپر
وہ جائے تو کھینچ کے مارے تیرے منہ پہ تھپڑ
زبامتندر کام نہ آئیں میکے کے یہ ٹن ٹن
جو بھیک منگا ان سڑکوں پہ آج بجائے باجا
او دیوانے تو کیا جانے کل ہوگا وہ راجا
اک دن تیرے سامنے وہ گھومے گا بن کے راجا مہدی علی خاں

گانا نمبر ۴

لڑکی:۔ منڈے دل بڑی مشکل میں تو نے آج ڈالا
ہوا چنچل یہاں چکنا عجب جیا دو نرالا
گھڑی بھر میں ارادے کیوں بدلتا ہے
کبھی اس پر کبھی اس پر مچلتا ہے
بڑی مشکل سے پہلو میں تجھے ہم نے سنبھالا
لڑکا:۔ محبت کے گلستاں میں کھلے گی تو
میں کچھ کر لوں کبھی میت کو ملے گی تو
اندھیرے میں کرے گی کیا محبت کا اجالا
لڑکی:۔ میں تنگ آئی نہیں اتنا تھا منڈے
نہیں ہے تو میرے بس میں تو جا منڈے
ابھی لوٹا نے گے پھر جو قسمت نے ملایا

گانا نمبر ۵

لڑکا:۔ دل ہے آپ کا حضور لیجئے نہ لیجئے
اتنا حسن پر غرور توبہ کیجئے
لڑکی:۔ شیشہ دیکھئے یہ حضور دل نہ ہم کو دیجئے
اپنی شکل دیکھ کر توبہ کیجئے
لڑکا:۔ درد تیرے عشق کا ہائے کیسی چیز ہے
لڑکی:۔ رکھئے اپنے پاس گر آپ کو عزیز ہے
لڑکا:۔ درد دیکھئے آپ ہمیں تڑا انھو تڑا دیجئے
لڑکی:۔ کیوں جلاتے ہو تم آندھیوں سے بہ دیجئے

لڑکا:۔ اس لئے کہ ایک دن تم مجھے کھو پایا
لڑکی:۔ آپ کیا نشے میں ہیں مجھ تو ہوش کیجے
لڑکا:۔ زندگی کے باغ کا تو حسین پھول ہے
لڑکی:۔ آپ مجھ کو توڑ لیں آپ کی یہ بھول ہے
لڑکا:۔ عاشقوں سے اس قدر بے رخی نہ کیجے
گانا نمبر ۶ لڑکا:۔ سچ کہتا ہوں بہت خوشی ہو
تم سے محبت ہو سکتی ہے
لڑکی:۔ تم سے مل کر کوئی بھی لڑکی
اپنے آپ کھو سکتی ہے
لڑکا:۔ چودہویں کا چاند جیسے تاروں میں حسین
تیرے جیسے لاکھوں میں ہزاروں میں نہیں
لڑکی:۔ میں ہوں کہیں یا میرے ہوش ہیں کہیں
تو ہے میرے پاس مجھے آئے نہ یقین
لڑکا:۔ دیکھا جو تجھے دل کھو گیا
کھو کے میرا دل تیرا ہو گیا
لڑکی:۔ مانے نہ جیا او چھوڑ کے پیا
لے کے میرا دل یا تم نے دیا
دل پہ تمہاری مہربانی ہو گئی
زندگی اداس تھی سہانی ہو گئی
تجھ پہ یہ جوانی دیوانی ہو گئی
پھر یہ میری تیلے کی کہانی ہو گئی ۔ سچ کہتی —

گانا نمبر ۷: ـ رات سرد سرد ہے چاند زرد زرد ہے
میرے دل میں پیار کا ہلکا ہلکا درد ہے
دھیرے دھیرے دو دلوں کے قافلے
اپنی اپنی منزلوں پہ آ ملے
شکوے لب پہ ہیں نہ دل میں ہیں گلے
دل ہی جانے کتنی خوش نصیب ہوں
ر آج تیرے کس قدر قریب ہوں
تو میرا ہے میں تیری نصیب ہوں
تیرا پیار پیار ہے کہ خواب ہے
کس قدر حسین تیرا شباب ہے
تو میرے سوال کا جواب ہے

گانا نمبر ۸: ـ
لڑکی: ـ نگاہوں نے پھینکا ہے نیچے پہ جھٹکا
صنم تیرا میرا ہوا پیار پکا
لڑکا: محبت میں دل کو لگا ایسا دھکا
لڑی آنکھ میں رہ گیا ہکا بکا
گھٹاؤں کے گھونگھٹ میں چندا چھپائے
لبوں پہ چمک بجلیوں کی سجائے
میرے دل میں ایسے قدم تو نے رکھا تو نے
لڑی آنکھ میں رہ گیا ہکا بکا
لڑکی: سمندر ہوا راضی تو دنیا بھی راضی

محبت ہے کیا یہ ہے سب پیتے بازی
تیرے ہاتھ ہے آج قسمت کا چکر
ہم تیرا امبرا ہوا پیار لٹکا

لڑکی:۔ اشارہ جو کر دے یہ مٹتی جوانی
لگا دوں ابھی داؤ پر زندگانی
اجی بن گئے عاشق یہ سمجھو اچکا
لڑی آنکھ یہیں رہ گیا ہکا بکا

ختم شد

فلم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات۔ نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۔/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)